Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu, I Semester Examination, December 2023

Paper : MAUR103CCT : Dastaan

پرچہ : داستان

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

1. درج ذیل میں سے کون داستان کے خصائص میں شامل نہیں ہے۔

(a) طوالت (b) مافوق فطری عناصر (c) وحدت تاثر (D) قصہ درقصہ

2. ''رانی کیتکی کی کہانی'' کو کس نے مرتب نہیں کیا ہے۔

(a) امتیاز علی خاں عرشی (b) مولوی عبدالحق (c) پروفیسر عبدالستار دلوی (d) گیان چند جین

3. کس داستان کے مصنف نے دعویٰ کیا تھا کہ اس میں ''ہندی چھٹ اور کسی بولی کی پٹ نہ ملے'' گی

(a) رانی کیتکی کی کہانی (b) فسانۂ عجائب (c) باغ و بہار (d) سب رس

4. داستان زبانی بیانیہ ہے۔اس لیے تصنیف۔۔۔۔۔۔۔۔ہوتی ہے ۔

(a) بامصنف (b) بے مصنف (c) راوی (d) ساحر

5. میر امن نے باغ و بہار میں کہاں کی ٹکسالی زبان کو برتا ہے

(a) لکھنؤ (b) دلی (c) رام پور (d) حیدرآباد

6. کس داستان میں تقریری زبان کو تحریری شکل عطا کی گئی ہے۔

(a) رانی کیتکی کی کہانی (b) فسانہ عجائب (c) باغ و بہار (d) سب رس

7. فسانہ عجائب کا مرکزی کردار جان عالم کس حکمراں کی تمثیل معلوم ہوتا ہے۔

(a) واجد علی شاہ (b) غازی الدین حیدر (c) بہادر شاہ ظفر (d) سعادت علی خاں

8. آغا نوازش حسین خاں کے شاگرد اور مشہور داستان نویس کا نام کیا تھا۔

(a) میر امن (b) ملا وجہی (c) رجب علی بیگ سرور (d) انشا اللہ خاں انشا

9. درج ذیل میں سے کون ملا وجہی کی تخلیقات میں شامل نہیں ہے۔

(a) قطب مشتری (b) سب رس (c) تاج الحقائق (d) شگوفہ محبت

10. کس داستان میں انشائیے کے اولین نقوش ملتے ہیں۔

(a) باغ و بہار (b) فسانہ عجائب (c) رانی کیتکی کی کہانی (d) سب رس

حصہ دوم

2. داستان کی تعریف اور اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔

3. زبانی بیانیے کے اوصاف بیان کیجیے۔

4. اردو کی دو اہم داستانوں کا تعارف پیش کیجیے۔

5. ملا وجہی کا سوانحی خاکہ پیش کیجیے۔

6. داستان ''رانی کیتکی کی کہانی'' کے امتیازات بیان کیجیے۔

7. داستانوں کے زوال کے اسباب قلم بند کیجیے۔

8. رجب علی بیگ سرور کا سوانحی خاکہ پیش کیجیے

9. انشاءاللہ خاں انشا کی ادبی خدمات کو اپنے لفظوں میں بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10. ''باغ و بہار'' کے نمایاں پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

11. ''فسانہ عجائب'' کے امتیازات قلم بند کیجیے۔

12. داستانوں کے مطالعے کی عصری معنویت اجاگر کیجیے۔

13. ''سب رس'' کی انفرادیت بیان کیجیے۔

14. ''رانی کیتکی کی کہانی'' کے اسلوب پر ایک جامع مضمون لکھیے۔

☆☆☆